SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

June 24, 2016

ایس ای سی پی نے سیکورٹیز بروکرز کے لئے نئی ریگولیٹری رجیم متعارف کروادی

اسلام آباد (جون ۲۴) پاکستان میں کیپٹل مارکیٹ کو مستحکم بنان کی کوششوں کو آگے بڑھاتے ہوئے، سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے، نئے سیکوٹیز ایکٹ 2015 کے تحت سیکورٹیز بر کورز (لائسنسگ اینڈ آپریشن) ریگولیشن 2016 کی منظوری دے دی ہے۔ نئے منظورہ شدہ ریگولیشن سرکاری گزٹ میں اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر شائع کر دئے گئے ہیں۔

وفاقی حکومت کی جانب سے سیکوٹیز ایکٹ 2015 کے پارٹ پنجم کے نافذ ہونے کے نوٹیفیکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی نئے بروکرز ریگولیشن نافذ العمل ہو جائیں گے۔ سیکورٹیز بروکرز کے نئے ریگولیشن میں سرمایہ کاروں کو تحفظ فراہم کرنے، بروکرز کے رسک مینجمنٹ کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے شرائط کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے۔ نئی شرائط پر عمل درآمد میں آسانی کے لئے مختلف شقوں کے مرحلہ وار نفاذ کی تجویز دی گئی ہے۔ نئے ریگولیشن کو تشکیل دیتے وقت، اسٹاک مارکیٹ کے انضمام کے بعد کے حالات کو مد نظر رکھا گیا ہے اور بروکرز کی پہلے والی اسٹاک ایکس چینجز سے نئی پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں منتقلی کے لئے بھی اسانی فراہم کی گئی ہے۔ نئے ریولیشن بین الاقوامی معیارات کے مطابق اور آئیسکو کے اصولوں کے مطابق ترتیب دیے گئے ہیں اور پرانے ریگولیشن میں موجود خامیوں کو دور کر دیا گیا ہے۔

نئے ریگولیشن کی اہم ترین بات بین الاقوامی معیارات کے مطابق بروکرز کی ٹریڈ نگ اور کلئیر نگ کے حساب سے درجہ بندی کی گئی ہے تاکہ صرف مستحکم بروکرز کو ہی سرمایہ کروں کے مفادات کو تحویل میں دینے کی فرائض سونپے جائیں۔ ایسے بروکرز پر بہتر رسک مینجمنٹ کو یقینی بنانے کے لئے اضافی کنڑول اور رپورٹنگ کی شرائط عائد کی جائیں گی۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk

بروکرز کی درجہ بندی کے حصول کے لئے پروفشنل اور جنرل کلئیرنگ ممبرز اور صرف سیکورٹیز کی سیٹلمنٹ کرنے والے بروکرز کے تصور کو متعارف کروانے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔اسی طرح ایسے بروکرز جو کہ کلئیرنگ کے عمل میں شامل نہیں ہوں گے،ان پر کم سے کم ریگولیٹری شرائط عائد ہوں گی۔مزید ازاں بروکرز کی کاروبار کرنے کے اخراجات کو کم کرنے کے لئے بھی اقدمات کئے گئے ہیں۔

اس سے پہلے ان ریگولیشن کے مسودے پر عوام اور شراکت داروں سے تجاویز و آراء طلب کی گئی تھیں جن کی روشنی میں بحث ومباحثہ کرنے کے لئے بروکروں کے ساتھ سیشن منعقد کئے گئے اور ان ریگولیشن کو حتمی شکل دی گئی۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk